Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 21 فروری 2026ء ،3 رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 309

معاشرے میں سماجی انصاف یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقین کو ملکر کام کرنا ہوگا، مریم نواز

معاشی خلیج سے سماجی مسائل جنم لے رہے ہیں، مینارٹی کارڈ اور ہمت کارڈ سمیت دیگر پروگرام سماجی انصاف کے ہدف کی جانب واضح پیشرفت ہے

سماجی انصاف سے عاری معاشرے ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں، مہذب معاشرے کی بنیاد ہی سماجی انصاف ہے، سماجی انصاف کے عالمی دن پر پیغام

واشنگٹن: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پوائنٹ انسپیشن انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن (ڈی ایف سی) کے سی ای او انسپیشن بلیک نے واشنگٹن میں ملاقات کی

لاہور (این این ایس) وزیراعلیٰ جناب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ معاشرے میں سماجی انصاف یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقین کو ملکر کام کرنا ہوگا۔ سماجی انصاف کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت سماجی انصاف پر یقینی یقین رکھتی ہے۔ سماجی انصاف کو یقینی بنانا ہماری حکومت (بقیہ نمبر 3)

ماہ رمضان میں گرانفروشی کی روک تھام کیلئے انتظامی اقدامات سخت

چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان کا غیر فعال پرائس مجسٹریٹس کو ہٹانے کا حکم

صوبے میں 428 نگہبان رمضان و مزخرفان فعال ہیں، جن سے روزانہ ایک لاکھ سے زائد افراد استفیدہ ہو رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے رمضان المبارک کے دوران اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور گرانفروشی کی روک تھام کے لیے انتظامی اقدامات سخت کرتے ہوئے غیر فعال پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فوری طور پر ڈی نوٹیفائی کرنے (بقیہ نمبر 4)

پرائیویٹ سکولوں پر کمرشلائزیشن فیس نافذ کرنے کا فیصلہ

بوجھ والدین پر پڑے گا، پرائیویٹ سکولوں نے حکومت کمرشلائزیشن فیس کے نفاذ کی مخالفت کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پرائیویٹ سکولوں پر کمرشلائزیشن فیس نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا مقصد تعلیمی اداروں کی زمین اور بلڈنگ کے استعمال سے متعلق قواعد و ضوابط کو موثر بنانا ہے۔ چیف سیکرٹری (بقیہ نمبر 7)

نئے ہاؤسنگ سکیموں کیلئے سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی منظوری

منصوبے کی تکمیل سے ہڈیارہ ڈرین میں گندے پانی کے اخراج میں نمایاں کمی متوقع ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے نئی آباد ہونے والی ہاؤسنگ سکیموں کے لئے یہ فیصلہ کرتے ہوئے غیر پورپورڈ، کاہنہ، ایل ڈی اے سٹی اور اعتماد آبادیوں میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ قائم کرنے کی منظوری دے (بقیہ نمبر 5)

سرکاری سکولوں میں اساتذہ کیلئے ڈریس کوڈ نافذ

تدریسی اوقات کے دوران اساتذہ کے لئے بلیک گاؤن پہننا لازمی قرار دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے صوبے بھر کے سرکاری سکولوں میں اساتذہ کیلئے سٹینڈرڈ ڈریس کوڈ نافذ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تدریسی اوقات کے دوران اساتذہ کیلئے بلیک (بقیہ نمبر 6)

واشنگٹن: وزیراعظم محمد شہباز شریف بورڈ آف پیس کے انتظامی اجلاس کے اختتام کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کی پنجاب سہولت بازار اتھارٹی آفس آمد، کنٹرول روم کا دورہ، رمضان بازار میں کسٹمر کو لائیو کال کر کے فیڈ بیک لیا

رمضان المبارک سے مارکیٹ ریٹ سے 35 فیصد کم نرخ کا ریکارڈ

رمضان بازاروں میں ہر چیز صاف ستھری اور سستی مل رہی، ای نے سامان کی لسٹ دی تھی لیکر رمضان بازار آگیا' عمر نامی شہری کی وزیراعلیٰ سے گفتگو

صوبے بھر میں قائم نگہبان رمضان سہولت بازاروں موثر مانیٹرنگ کے عمل کو سراہا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سہولت بازار کنٹرول روم میں بریفنگ

صوبہ بھر میں 75 نگہبان رمضان بازاروں کیلئے سنٹرل مانیٹرنگ سسٹم قائم، 49 سہولت بازار، 15 سہولت آن دی گو، 11 ضلعی بازار اور فری ہوم ڈیلیوری سروس کی مانیٹرنگ جاری

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک مارکیٹ سے 35 فیصد کم نرخ کا ریکارڈ، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب سہولت بازار اتھارٹی آفس آمد پر کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میاں پلازہ سہولت بازار، سوہاوہ کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کنٹرول روم سے کسٹمر کو لائیو کال کرکے فیڈ بیک لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آلو، پیاز، ادرک، پالک کے ریٹ دریافت کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میاں پلازہ بازاروں میں ریٹ لسٹ، نرخ، مفاق کا بھی مشاہدہ کیا۔ عمر نامی شہری نے وزیراعلیٰ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان بازاروں میں ہر چیز صاف ستھری اور سستی مل رہی ہے۔ ای نے سامان کی لسٹ دی (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم شہباز شریف نے بورڈ آف پیس کے انتظامی اجلاس کے موقع پر امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی

کالعدم تنظیموں، غیر رجسٹرڈ خیراتی اداروں کی فہرست جاری

انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء کے تحت کالعدم تنظیموں کو کسی قسم کی معاونت فراہم کرنا جرم ہے، ترجمان محکمہ داخلہ

شہری اپنی کوئی خیرات اور عطیات صرف پنجاب چیریٹی کمیشن سے رجسٹرڈ اداروں کو دیں: تصدیق شفیق، پرموٹ کیو آرکوڈ سے ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے کالعدم تنظیموں کو کسی قسم کی معاونت فراہم نہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء کے تحت کالعدم تنظیموں کو کسی قسم کی معاونت فراہم کرنا جرم ہے۔ شہری غیر رجسٹرڈ اور کالعدم خیراتی اداروں کو زکوٰۃ، خیرات اور عطیات ہرگز نہ دیں۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا ہے کہ دہشتگردی اور دیگر سرگرمیوں (بقیہ نمبر 21)

تیز رفتار گاڑی حفاظتی باڑ سے جا ٹکرائی' ایک شخص جاں بحق

جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی مین پشاور روڈ پر فریگیٹ حادثہ پیش آیا۔ تیز رفتار گاڑی حفاظتی باڑ سے جا ٹکرائی، حادثے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ اس کی (بقیہ نمبر 22)

لاہور: کشمرلا ہوڈ و پن مریم خان رمضان المبارک کے دوران راشن کارڈ کی تقسیم اور سہولت بازاروں میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

باجوڑ پوسٹ پر حملہ کرنے والا دہشتگرد بھی افغان نکلا

تاقابل تردید شواہد مل گئے، اس خوکش حملے میں 11 سیکورٹی اہلکاروں سمیت 2 معصوم شہری بھی شہید ہوئے تھے

پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں افغان شہریوں کا ملوث ہونا طالبان رجیم کی دہشتگردی کی مکمل سرپرستی اور سہولت کاری کا واضح ثبوت ہے

افغان لنکا۔16 فروری 2026 کو باجوڑ میں ملکی پوسٹ پر خودکش حملہ کرنے والے خارجی دہشت گرد کی شناخت خارجی احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر طالبان کی تحریک طالبان فورسز کا حصہ بھی رہ چکا ہے۔ واضح رہے کہ اس خوکش حملے میں 11 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت (بقیہ نمبر 5)

صوبہ بلخ کا رہائشی تھا۔ قاری احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر طالبان کی تحریک طالبان فورسز کا حصہ بھی رہ چکا ہے۔ واضح رہے کہ اس خوکش حملے میں 11 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت (بقیہ نمبر 5)

باجوڑ (اے ایف پی) پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کا استعمال ہونے سے متعلق مزید ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے، باجوڑ میں ملکی پوسٹ پر حملہ کرنے والا خارجی عبداللہ ابوذر کے نام سے ہوئی جو افغانستان کے

پاکستان کے دفاع کیلئے بلوچستان کے سپوتوں کی عظیم قربانیاں

کوئٹہ (این این آئی) دفاع وطن کی خاطر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے جوانوں نے ہمیشہ جرأت، عزم اور قربانی کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں۔ پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے افسران و جوانوں کا عہد بلوچستان کو زیور سے خراج عقیدت پیش کیا گیا جس میں شہداء کے ورثاء کے ہمراہ پاک فوج (بقیہ نمبر 16)

سیکیورٹی ہائوسنگ فورلائن میں جاری سیوریج سسٹم کی توسیع منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

انسانی اسمگلنگ کا اہم کارندہ گوجرانوالہ سے گرفتار

ملزم سیکیورٹی اداروں سے بچنے کیلئے غیر قانونی طور پر ایران بھاگ گیا تھا

گوجرانوالہ (این این آئی) انسانی اسمگلنگ میں ملوث عالمی گینگ کا اہم کارندہ کاشف جٹ کو سیکیورٹی حکام نے گوجرانوالہ سے گرفتار کیا ہے۔ سیکیورٹی ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم دورہ امریکا مکمل کر کے لندن پہنچ گئے

غزہ میں پائیدار امن کا قیام پاکستان کا اہم مشن ہے، شہباز شریف

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اپنا دورہ امریکا مکمل کرنے کے بعد لندن پہنچ گئے جہاں وہ ایک روزہ قیام کے بعد (کل) اتوار کو وطن واپس آئیں گے۔ وزیراعظم نے دورے کے دوران امریکہ میں منعقد بورڈ آف پیس اجلاس میں شرکت کی (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی میں ملاوٹی دودھ تیار کرنے والا گروپ پکڑا گیا

13 ہزار لیٹر جعلی دودھ کا محلول پکڑ کر موقع پر تلف، کارروائی لہڑار روڈ کے قریب موجود گھر میں خفیہ معلومات ملنے پر کی گئی

موقع سے 480 کلو بنا سپتی گھی، 50 کلو خشک پاؤڈر، جعلی دودھ بنانیوالی مشینری پکڑی گئی، ترجمان فوڈ اتھارٹی

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق 13 ہزار لیٹر جعلی دودھ کا محلول پکڑ کر موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ موقع سے 480 کلو بنا سپتی گھی، 50 کلو خشک پاؤڈر اور جعلی (بقیہ نمبر 2 4)

پاکستان عوامی قوت کے سینئر رہنما اتفاق حیدری انتقال کر گئے

نماز جنازہ میں پارٹی قیادت کی شرکت، وفات جماعت کیلئے ناقابل تلافی نقصان قرار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت کے سینئر رہنما اتفاق حیدری انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ بعد از نماز جمعہ راول ہیوٹ جنرل ایوب ڈیفنس ہسپتال لہڑار روڈ کی مسجد پر ادا کی گئی۔ جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ میں خاقان وحید خواجہ (چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی) سمیت دیگر (بقیہ نمبر 8)

پاکستان عوامی قوت کے سینئر رہنما اتفاق حیدری کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

کوہاٹ، تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت

او جی ڈی سی ایل کا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو خط

کوہاٹ (این این آئی) پاکستان میں تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت ہوگیا۔ خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں اوجی ڈی سی ایل نے تیل و گیس کا ذخیرہ دریافت کرلیا۔ کنویں سے یومیہ 10 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت ہوگیا۔ جو روزانہ تیل و گیس کی طلب و رسد میں مدد گار ہوگا۔ ذخیرہ کوہاٹ کے ضلع کرک میں واقع ہے۔ شیوٹن غیر رجسٹرڈ کالعدم تنظیم کے کارکنان کا ہیرا پھیر کرتے ہیں۔ مندوی میں بولی کا عمل محض ایک ڈرامہ بن چکا ہے جہاں نہ انتظامیہ اور نہ ہی کوئی سرکاری نمائندہ موجود ہوتا ہے، اور آڈیٹوریم اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کر (بقیہ نمبر 27)

ڈولفن سکواڈ کے اہلکاروں کا میاں بیوی پر تشدد

اسلام آباد: (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں فیڈرل پولیس کے ڈولفن سکواڈ کے اہلکاروں نے میاں بیوی کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ ڈولفن اہلکاروں کی جانب سے شہریوں پر تشدد کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی، ویڈیو میں (بقیہ نمبر 26)

اندھیر نگری مارکیٹ کمیٹی آڑھتیوں کی نئی ٹیم بن گئی

بولی کے نام پر لوٹ مار کا بازار گرم مارکیٹ کمیٹی کے اہلکار آڑھتیوں کے نمائندے بن گئے؟ کرپشن کی گنگا بہنے لگی

20 روپے والی لسٹ 30 میں فروخت اوپر کی کمائی کا حصہ کہاں تک جاتا ہے؟ شہریوں کے وزیراعلیٰ سے سنگین سوالات

اسلام آباد: آئی جی اسلام آباد ہاسپٹل ناصر شفوی نماز جمعہ کے وقت مساجد کے باہر سیکیورٹی ڈیوٹیز سر انجام دینے والے پولیس افسران سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کی واشنگٹن میں عالمی رہنماؤں سے غیر رسمی ملاقاتیں

ملاقاتوں کے دوران دوستانہ مصافحے اور معانقے ہوئے، مسکراہٹوں کا تبادلہ

واشنگٹن (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی واشنگٹن میں منعقدہ بورڈ آف پیس کے اختتامی اجلاس سے خوشگوار رہنماؤں سے (بقیہ نمبر 20)

بجلی، گیس ٹیرف نظام میں بڑی تبدیلی کی تیاری شروع

استحقاق کے بجائے آمدن کی بنیاد پر سبسیڈی سسٹم متعارف کرایا جائیگا

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجلی اور گیس کے صرف نظام میں بڑی تبدیلی کی تیاری شروع کر دی۔ جس کے تحت اب استحقاق کے بجائے آمدن کی بنیاد پر سبسیڈی سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔ اس سے ماڈل کے ذریعے سمیڈ یا کیس کے بعد ٹیسٹنگ کیلئے آمدنی کے (بقیہ نمبر 9)

سرکاری ڈاک خانے میں بجلی کے بلوں کی وصولی پر پابندی عائد

پوسٹ آفس میں بجلی کے بل جمع کروانے کی سہولت ختم کر دی جائے گی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے سرکاری ڈاک خانوں میں بجلی کے بلوں کی وصولی پر پابندی عائد کر دی۔ حکام کے مطابق کم اپریل سے پوسٹ آفس میں بجلی کے بل جمع کروانے کی سہولت ختم کر دی جائے گی۔ لیکیو حکام کے مطابق صارفین (بقیہ نمبر 8)

لاہور ایئرپورٹ پر سامان بیوی سے آئس کی بوری کھیپ برآمد

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ پر اینٹی نارکوٹکس فورس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ حکام کے مطابق میاں بیوی (بقیہ نمبر 9)

استحصال اور ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، آصف زرداری

مساوات کا قیام ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے

بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کا بجٹ بڑھ کر 716 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے اور اس کے تحت ایک کروڑ گھرانوں کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے

انصاف منتخب نہیں ہو سکتا اور سماجی برادری کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ منصفانہ معاشرہ ہی امن اور خوش حالی کی بنیاد ہے

لاہور: (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ استحصال کا خاتمہ اور مساوات کا قیام ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ سالانہ یوم سماجی انصاف کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان سماجی انصاف کی ضمانت دیتا ہے اور کمزور طبقات کا بوجھ کم تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کا بجٹ 716 ارب (بقیہ نمبر 10)

پنجاب حکومت نے 4 اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4 اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ممبر (مینجمنٹ) بورڈ آف ریونیو پنجاب مدثر وحید ملک کو تبدیل کر کے ممبر وزیراعلیٰ مانیٹرنگ تعینات، تقرری کے منتظر میاں جمیل احمد کو ممبر (مینجمنٹ) بورڈ آف ریونیو پنجاب تعینات، 39 سینئر مینجمنٹ کورس میں (بقیہ نمبر 1)

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سینئر افسران کے ہمراہ 1787 کمپلیٹ سنٹر شہریوں کی شکایات سن کر فوری ازالے کے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کر رہے ہیں

کیپٹل ہسپتال کا علی بابا میڈیکل اے آئی کیساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی تقریب

کیپٹل ہسپتال میں اے آئی پر مبنی ریڈیولاجی اسکرینگ متعارف

شہریوں کو بہتر سے بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کا استعمال میں لانا ایک خوش آئند اقدام ہے

تقریب کیپٹل ہسپتال میں منعقد ہوئی جسمیں کیپٹل ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر چیف نائج اور سینئر ڈائکٹر وسیت علی بابا اے آئی کے نمائندگان نے شرکت کی

کیپٹل ہسپتال اور علی بابا میڈیکل اے آئی کیساتھ ایجنگ ریڈیولاجی میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی اسکریننگ میں متعارف کرانے کیلئے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) کیپٹل ہسپتال نے جمعہ کے روز علی بابا میڈیکل اے آئی کیساتھ ایجنگ ریڈیولاجی میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی اسکریننگ حل متعارف کرانے کیلئے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے۔ تقریب کیپٹل ہسپتال میں منعقد ہوئی جسمیں کیپٹل ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر چیف نائج اور سینئر ڈائکٹر وسیت علی بابا اے آئی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ یہ اقدام جنریشن کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) چوک کشمر اسلام آباد محمد علی رندھاوا (بقیہ نمبر 1)

حادثے میں تین بچوں سمیت چار افراد کے جاں بحق ہونے اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ جناب مریم نواز شریف نے مریدکے نارووال روڈ پر ٹرک اور کار کے تصادم میں تین بچوں سمیت چار افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 2)

سری لنکن وزیر کھیل و امور نوجوانان کا محسن نقوی سے اظہار تشکر

محسن نقوی کا کولیبو آنا اس امر کا مظہر ہے سری لنکا ایک محفوظ ملک ہے، سری لنکن وزیر

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کے وزیر کھیل و امور نوجوانان کھیل کمارا نے محسن نقوی سے اظہار تشکر کیا ہے۔ ایک بیان وزیر کھیل و امور نوجوانان کھیل کمارا نے کہا کہ فی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے دوران پاکستان کے وزیر کھیل محسن نقوی نے سری لنکن آمد پر محسن نقوی نے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی کا کولیبو آنا اس امر کا مظہر ہے کہ سری لنکا ایک محفوظ ملک ہے۔ (بقیہ نمبر 3)

ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ کیلئے بڑا اقدام۔ وزیر داخلہ نے نئی الیکٹرک بسوں۔ بس ڈپو اور چارجنگ سٹیشن کا افتتاح کر دیا

الیکٹرک بسیں سروس کو رات تک توسیع دینے کا اعلان

اسلام آباد میں الیکٹرک بسوں کی مجموعی تعداد 160 تک پہنچ گئی، محسن نقوی نے الیکٹرک بس میں متعلقہ افسران کے ساتھ سفر کیا

اسلام آباد کے 1 لاکھ 25 ہزار شہری روزانہ ان بسوں میں سفر کر رہے ہیں، مسافروں کی تعداد 2 لاکھ 50 ہزار یومیہ تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ محسن نقوی

وزیر داخلہ محسن نقوی نئی الیکٹرک بسوں، بس ڈپو اور چارجنگ سٹیشن کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد میں ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ کیلئے بڑا اقدام۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نئی الیکٹرک بسوں۔ الیکٹرک بسوں کے ڈپو اور چارجنگ سٹیشن کا افتتاح کر دیا۔ اسلام آباد میں مجموعی طور پر الیکٹرک بسوں کی تعداد 160 تک پہنچ گئی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے الیکٹرک بس میں متعلقہ افسران کے ساتھ سفر کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو نئی الیکٹرک بسوں۔ بس ڈپو اور چارجنگ کی سہولت بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کی کامیاب (بقیہ نمبر 2)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لاگ ترجمان
ناشتہ خوش ہو تو اخبار بھی خوش خوش پڑھیے

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

خسرے کا پھیلاؤ

پنجاب میں خسرے کے پھیلاؤ سے متعلق لاہور ہائیکورٹ میں جمع کرائی گئی رپورٹ کے مطابق صوبے میں رواں سال کے پہلے چار ہفتوں میں خسرے کے 1695 مشتبہ کیس رپورٹ ہوئے۔ مذکورہ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 2024ء میں خسرہ کے 6747 جبکہ 2025ء میں 4000 مصدقہ کیس رپورٹ ہوئے۔ یہ اعداد وشمار صوبے میں صحت کے نظام میں موجود کمزوریوں کو عیاں کرتے ہیں۔خسرے کے پھیلاؤ کی بنیادی وجوہات میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے نہ لگوانا' بیماری کے بارے میں شعور کی کمی' صحت کے بنیادی ڈھانچے کی کمزوری اور اس کا آسانی سے ایک سے دوسرے فرد میں منتقل ہونا ہے۔

حکومت کو خسرے کے پھیلاؤ کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔اس ضمن میں متاثرہ اضلاع میں فوری ویکسی نیشن مہمات' طبی عملے کی تربیت اور عوام میں بیماری کے بارے میں شعور پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔والدین کو بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرنا چاہیے۔بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگوانا اور ابتدائی علامات پر فوری تشخیص اور علاج میں کوئی کوتاہی نہیں برتنی چاہیے۔خسرے کے پھیلاؤ سے صرف نظر مہلک ثابت ہوسکتا ہے۔اس لیے اس انتباہ کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے خسرے کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے فوری مربوط کوششیں کرنا ہوں گی۔

قائدِ اعظم یونیورسٹی خوابوں کی تعبیر اور قوم کی امید

تحریر: منصور علی

دارالحکومت اسلام آباد کی سرسبز پہاڑیوں کے دامن میں واقع قائدِ اعظم یونیورسٹی محض ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ پاکستان کے روشن مستقبل کی علامت ہے۔ یہ وہ درسگاہ ہے جہاں مختلف زبانیں، ثقافتیں اور خواب ایک ہی آسمان تلے سانس لیتے ہیں۔ یہاں آنے والا ہر طالب علم اپنے ساتھ اپنے علاقے کی خوشبو، اپنی ماں کی دعائیں اور اپنے مستقبل کی امیدیں لے کر آتا ہے۔

فطرت کی آغوش میں علم کی روشنی یونیورسٹی کا کیمپس قدرتی حسن کا ایسا منظر پیش کرتا ہے جو دل کو سکون اور ذہن کو وسعت عطا کرتا ہے۔ سرسبز درخت، کھلے میدان، خنک ہوائیں اور مارگلہ کی پہاڑیوں کا پُرسکون منظر طالب علم کو یہ احساس دلاتا ہے کہ علم صرف کتابوں میں نہیں، فطرت کی خاموشی میں بھی پوشیدہ ہے۔ صبح کی روشنی جب کیمپس پر بکھرتی ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے امید کی نئی کرن ہر دل میں اتر رہی ہو۔

ثقافتی تنوع ہم آہنگی ایک زندہ پاکستان

قائدِ اعظم یونیورسٹی کی سب سے بڑی طاقت اس کا تنوع ہے۔ یہاں پنجابی، اردو، بلوچ، پشتون اور گلگتی طلبا ایک دوسرے کے ساتھ رہتے، سیکھتے اور جیتے ہیں۔ مختلف زبانیں بولنے والے یہ نوجوان دراصل ایک ہی کی جذبے میں بندھے ہوتے ہیں پاکستان سے محبت کا جذبہ۔

ثقافتی تقریبات، علاقائی دن اور روایتی لباس کے پروگرام اس بات کا ثبوت ہیں کہ اختلاف کے باوجود اتحاد ممکن ہے۔ یہ ادارہ عملی طور پر ثابت کرتا ہے کہ ہم رنگ، نسل یا زبان سے نہیں بلکہ مشترکہ خوابوں سے جڑے ہوئے ہیں۔

ہاسٹل زندگی کردار سازی کی درسگاہ

ہاسٹل صرف رہائش گاہ نہیں بلکہ زندگی کا مدرسہ ہے۔ یہاں طالب علم خود مختاری سیکھتا ہے، صبر آزما تا ہے اور دوسروں کے ساتھ چلنے کا ہنر اپنا تا ہے۔ رات گئے تک جاری رہنے والی مطالعے کی محفلیں، امتحانات کا دباؤ، دوستوں کے ساتھ چائے کے کپ پر ہونے والی گفتگو یہ سب لمحات شخصیت کو نکھارنے اور پاداوں میں ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو جاتے ہیں۔

ایک تشویشناک پہلو شفاء کا بڑھتا رجحان

تاہم یہ روشن تصویر کا ایک سایہ بھی ہوتا ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کچھ نوجوان نفسی بحران کا شکار ہو رہے ہیں۔ یہ مسئلہ نہ صرف ان کی اپنی زندگی بلکہ پورے معاشرے کے لیے خطرہ ہے۔

اس کے پیچھے کئی عوامل کارفرما ہو سکتے ہیں: تعلیمی دباؤ، گھریلو مسائل، تنہائی، مستقبل کی بے یقینی اور غلط صحبت۔ بعض اوقات رہنمائی اور نگرانی کی کمی بھی نوجوانوں کو غلط راستے کی طرف دھکیل دیتی ہے۔

یہ لمحہ فکریہ ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کو کس سمت لے جا رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ انتظامیہ، اساتذہ اور والدین مل کر مؤثر تدابیر اختیار کریں، کونسلنگ اور طبی سرگرمیوں کو فروغ دیں تاکہ ہمارے نوجوان مایوسی کے اندھیروں سے نکل کر امید کی روشنی کی طرف لوٹ سکیں۔

نتیجہ امید کا چراغ جلتے رہنا چاہیے

قائدِ اعظم یونیورسٹی پاکستان کے مستقبل کا استعارہ ہے۔ یہاں علم ہے، تنوع ہے، محبت ہے اور آگے بڑھنے کی امنگ ہے۔ اگر ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ذہنی سکون کے ساتھ سنبھالنے میں کامیاب ہو گئے تو یہ ادارہ نہ صرف بہترین تعلیم دے گا بلکہ ایک باشعور، مضبوط اور کردار کو مرکی تعمیر میں اپنا کردار مزید نمایاں انداز میں ادا کرے گا۔

یہ صرف ایک یونیورسٹی نہیں یہ خوابوں کی تعبیر ہے۔ جبھیں اس چراغ کو ہر حال میں روشن رکھنا ہے۔

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

رمضان المبارک ایک تربیت

سرور کائنات محبوب خدا ﷺ نے رمضان المبارک کو نیکیوں کا موسم بہار قرار دیا ہے۔ جس کا مطلب ہے جس طرح بہار کی آمد پر چاروں طرف رنگ و نور تازہ پھولوں کی برسات ہوتی ہے یہ سیدھے بچوں کی جگہ تر و تازہ پتے اگتے ہیں ہے شگوفے پھوٹتے ہیں ہر طرف ایک آسودگی خوشنمائی تر و تازگی رنگینی اور خوش گوارئیت کا دلربا روح کے اندر تک سرشاری کا خوب احساس ہوتا ہے جو روح کی کیفیت ہے منظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اسی طرح جب تمام مہینوں کا سردار مہینہ جس میں اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم نازل فرمایا رمضان المبارک کی ایک با برکت شب آسمان دنیا پر قرآن مجید کا نزول ہوا لہذا اس رات کو خالق ارض و سما نے تمام راتوں پر فضیلت عطا فرمائی اور اسے شب قدر قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ ترجمہ: شب قدر افضیلت و برکت اور اجر و ثواب میں ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ رمضان المبارک کی فضیلت و عظمت اور فیوض و برکات کے بارے میں شائع شعر سائی کوثر مالک دو جہاں ﷺ فرماتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیروں سے باندھ دیا جاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں شیطاد و جن جہاں ﷺ فرماتے ہیں جو شخص بحالت ایمان ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے سابقہ تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ رمضان المبارک واقعی نیکیوں کی بہار کا موسم ہے جس کا ہر ایک لمحہ ساعت اس قدر بابرکت اور باسعادت ہے کہ باقی گیارہ مہینے مل کر بھی اس کی برابری ہم سری نہیں کر سکتے۔ رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی ہر طرف برکت و سعادت خیرات سکاوت ایثار اور یگانگی و اخوت کے ایمان افروز مناظر دکھائی دینے لگتے ہیں۔ صدقہ خیرات کا رجحان فروغ پا تا ہے عبادات کا ذوق بڑھ جاتا ہے گھروں طلوں اور مساجد میں ہر طرف ایمانی رنگ و نور برسات نظر آتی ہے نواحل اذکار کی رغبت بڑھ جاتی ہے۔ علاوت قرآن پاک کا شغف کئی گنا بڑھ جاتا ہے پوری مسلم سو ماہ بہاری آمد سے ہر طرف تازہ پھولوں اور پتوں کی وجہ سے رنگ و نور کی برسات نظر آتی ہے اسی طرح رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی گویا ہر ماحول بدل جاتا ہے جس طرح موسم بہار میں پرندوں کی چہچہاہٹ اور برگ و گل کی طروات پہلے سے بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کی مبارک اور پر سعید ساعتوں میں اہل اسلام کے مزاجوں میں بھی نمایاں ایمانی حرارت اور فرق محسوس ہوتا ہے۔ لیکن اگر موسم بہار کی آمد ہو لیکن اس کے باوجود نہ پرانے پتے جھڑیں اور نہ ہی خشک ٹہنیاں اور درخت سرسبز ہوں اور نہ ہی بوسیدہ پھول ازسر نو شگفتہ ہوں اور نہ ہی گلشن کی ادا سی شادابی میں ڈھلے تو کون اس کو موسم بہار کہے گا اسی طرح اگر نیکیوں کی بہار کا موسم یعنی رمضان المبارک کی آمد ہو لیکن نہ معبودوں کی رونق بڑھے نہ ہی انداز اطوار میں مثبت تبدیلی آئے نہ انداز کار بدلے نہ دل کی آرزو بدلے اور نہ ہی ایمانی حرارت بیدار ہو نہ جذبہ عبرت و محبت پھلے پھولے اور نہ ہی باطن سے چشمہ تسلیم پھوٹے اور نہ ہی ظاہر و باطن کا تضاد دور ہو اور نہ ہی شبت احساسات لے آئے تو تمام مہینوں اور رمضان میں کیا فرق محسوس ہوگا جب کہ رمضان تمام مہینوں کا سردار خدا کا مہمان مہینہ ہے۔ اس ماہ مبارک کو شہنشاہ دو عالم نے میرے ماہ و مواسات کا مہینہ قرار دیا ہے آقا ﷺ کا فرمان ہے صبر یعنی صبۂ نفس اور مواسات یعنی ہمدردی و غمخواری رمضان المبارک کو میرا مہینہ اس لیے بھی اس ماہ میں بہت سے بشری اور نفسی کمزوری جذبات و احساسات پر قابو رکھنا پڑتا ہے اگر ضبط آئے تو کنٹرول کرنا ہے گالی گلوچ سے پرہیز کرنا ہے کیونکہ کنٹرول نہ کرنے کی صورت میں روزہ مکروہ ہو جاتا ہے اور اگر کوئی دوسرا اس کے صبر کو آزمانا چاہے اسے مشتعل کرے تو فوری طور پر آمادہ جنگ نہیں ہو جانا چاہیے کہ یہ آداب رمضان کی مخالفی ہے۔ روزہ دار کو ہر قدم اٹھاتے ہوئے ہر بات کرتے ہوئے ہر معاملہ کرتے ہوئے بہت محتاط رہنا چاہیے۔ رکھان دار اشرا ہاتھ مزدور مالک کو کوئی بھی بات کرتے ہوئے بہت محتاط رہنا چاہیے کہ میں روزے سے ہوں کیونکہ روزہ دار کے اندر خدا کے حاضر ناظر ہونے کا اعتقاد اور یقین پر وحادہ تا ہے کیونکہ صرف اللہ کے لیے رکھا جاتا اور اللہ اس عمل پر گواہ ہو جاتا ہے اور جب روزہ دار صبر اور ضبط نفس کے مشکل مراحل سے گزرتا ہے اور شدید پیاس کے سامنے ضبط کے شیریں مشروبات پڑے ہوں پھر روزہ دار کسی بے قابو نہیں ہوتا اور اپنی پیاس پر کنٹرول رکھتا ہے بھوک کی انتہا ہو اور پیاس پر کنٹرول رکھتا ہے بھوک کی انتہا ہو اور پیاس پر کنٹرول رکھتا ہے وہ اس طرح کر روزے کی حالت میں انسان بھوک پیاس کی جس شدت اور اندر دوسروں کی بھوک پیاس کا احساس ہوتا ہے معاشرے کے ان محروم اور غریب طبقوں کا احساس ہوتا ہے کہ میں تو اللہ کے لیے آج کچھ نہیں کھا رہا لیکن وہ عزیز لوگوں کے لوگ روزانہ اس بھوک اور پیاس سے گزرتے ہیں لہذا روزہ دار کے دل میں ان محروم اور غریب لوگوں کی بھوک پیاس کا مداوا کے جذبہ پیدا ہوتا ہے جو سارا سال غربت کے باعث بھوک پیاس کی تکلیف سے گزرتے ہیں لہذا روزہ دار ان کی مدد اور بھوک پیاس مٹانے کے لیے اپنے مال و دولت کو لٹانے پر تیار ہو جاتا ہے یقیناً ماہ رمضان ایک تربیتی کورس ہے جس کی تربیت لے کر دوسروں کی بھوک پیاس مٹانے کی کوشش کرنی ہے اور کس کی کمزوریوں پر قابو پا کر ایک صالح انسان بن کر صالح معاشرے کا حصہ بننا ہے۔

رمضان: اصلاحِ نفس کا مہینہ

کالم نگار: رانا محمد عقیل جاوید، کہروڑ پکا نوالہ

رمضان المبارک محض ایک مہینہ نہیں، بلکہ یہ انسان کی باطنی دنیا میں انقلاب برپا کرنے کا موسم ہے۔ یہ وہ مبارک مہینہ ہے جس میں آسمانوں کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، رحمتوں کی بارش ہوتی ہے اور بندے کو اپنے رب کے قریب آنے کا سنہری موقع عطا کیا جاتا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم واقعی اس مہینے کو اصلاح نفس کے لیے استعمال کرتے ہیں یا صرف رسم و رواج کے تحت سحر و افطار کی نذر کر دیتے ہیں؟

روزہ ہمیں بھوک اور پیاس کا احساس ضرور دلاتا ہے، مگر اس کا اصل مقصد صرف جسمانی مشقت نہیں بلکہ روحانی تطہیر ہے۔ جب انسان سارا دن حلال چیزوں سے بھی پرہیز کرتا ہے تو اسے یہ سبق دیا جاتا ہے کہ وہ حرام سے بھی کمل اجتناب کرے۔ اگر روزہ رکھنے کے باوجود زبان جھوٹ سے باز نہ آئے، دل حسد سے پاک نہ ہو، آنکھ گناہ سے نہ رکے اور ہاتھ ظلم سے نہ ٹھہرے تو پھر ہمیں اپنے روزے کی روح پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

رمضان ہمیں صبر سکھاتا ہے۔ سحری کے وقت نیند قربان کرنا، دن بھر کی مشقت کے باوجود ضبط کا مظاہرہ کرنا، افطار میں سادگی اختیار کرنا یہ سب نفس کی تربیت کے مراحل ہیں۔ مگر افسوس کہ ہم نے اس مہینے کو بھی محدود فائدے کا ذریعہ بنا لیا ہے۔ افطار پارٹیاں، مہنگے دسترخوان، بازاروں کی بے ہنگم رشید سب اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ہم اصل مقصد سے کوسوں دور ہو چکے ہیں۔

اصلاح نفس کا پیمانہ تو مخوذ اضافی ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ گزشتہ رمضان سے اب تک ہماری زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟ کیا ہم پہلے سے زیادہ سچے، زیادہ دیانت دار زیادہ رحم دل ہوئے؟ کیا ہمارے معاملات میں انصاف بڑھا؟ اگر جواب نفی میں ہے تو ہمیں اس رمضان کو آخری موقع سمجھ کر اپنی اصلاح کی جدوجہد کرنی ہوگی۔

رمضان قرآن کا مہینہ ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جو دلوں کی بیماریوں کا علاج کرتی ہے۔ اگر ہم روزانہ کچھ وقت قرآن کی تلاوت، ترجمہ اور تفہیم کے لیے مختص کر لیں تو یقیناً ہمارے اندر مثبت تبدیلی پیدا ہو سکتی ہے۔ معاشرے کی اصلاح فردی اصلاح سے جڑی ہے، اور فردی اصلاح نفس کی تربیت سے۔

یہ مہینہ ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہم اکیلے نہیں ہیں۔ جب ہم خود بھوک برداشت کرتے ہیں تو ہمیں ان لوگوں کا احساس ہوتا ہے جو سارا سال محرومی کا شکار رہتے ہیں۔ زکوٰۃ، صدقات اور خیرات صرف مالی ادائیگی نہیں بلکہ دل کی صفائی کا ذریعہ ہیں۔ جب تک ہمارے اردگرد کوئی بھوکا سوتا رہے گا، ہماری عبادتیں مکمل روح کے ساتھ قبولیت کی منزل تک نہیں پہنچ سکتیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم رمضان کو وقتی جوش و جذبے تک محدود نہ رکھیں بلکہ اسے اپنی زندگی کا مستقل نصاب بنائیں۔ اگر اس مہینے میں ہم نے اپنے غصے پر قابو پایا، اپنی زبان کو مہذب بنا لیا، اپنے معاملات میں دیانت پیدا کر لی تو یہی ہماری کامیابی ہے۔

رمضان دراصل آئینہ ہے یہ ہمیں ہمارا اصل چہرہ دکھاتا ہے۔ اب یہ ہم پر ہے کہ ہم اس آئینے میں اپنی کمزوریوں کو پہچان کر انہیں دور کریں یا حسب معمول وقت گزر جانے دیں۔ یاد رکھیں، مہینے بدلتے رہتے ہیں مگر مواقع بار بار نہیں ملتے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس رمضان کو حقیقی معنوں میں اصلاح نفس کا ذریعہ بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

SHOWBIZ شوبز

وزن بڑھانے کے باعث خوفناک بیماری کا سامنا کیا، فاطمہ ثنا

ایک وقت ایسا آیا جب وہ دو دو گھنٹے تک مسلسل کھانی رہتی تھیں

3,000 کیلوریز بڑھتی تھیں، جب خوشگ ثنتم ہوئی تو انہوں نے درزش چھوڑ دی مگر کھانے کی عادی رہ گئیں جس سے ان کا تحلق خوراک کے ساتھ بے حد الجھ گیا اور وہ کھانے کی بیماری 'بلیمیا' کا شکار ہوگئیں۔ فاطمہ نے بتایا کہ ایک وقت ایسا آیا جب وہ دو دو گھنٹے تک مسلسل کھانی رہتی تھیں اور بعد میں خود کو قے کرنے پر مجبور کر دیتی تھیں تاکہ کیلوریز ختم ہی نہ ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے خود پر کوئی کنٹرول نہیں رہا تھا، کبھی میں بہت زیادہ کھاتی تو کبھی خود کو کھانے سے بالکل روک دیتی۔ اداکارہ کے مطابق وہ شدید ذہنی دباؤ اور احساس جرم کا شکار رہیں۔

سینئی (سی ایم نکس) بھارتی اداکارہ فاطمہ ثنا شیخ نے انکشاف کیا ہے کہ فلم 'گلی بوائز' میں کردار کیلئے وزن بڑھانے کے بعد انہیں خوفناک بیماری کا سامنا کرنا پڑا۔ اداکارہ نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ فلم 'گلی بوائز' کے لیے وہ روزانہ 2,500 سے

ہانیہ عامر کے قریبی دوست عمر مختار کو بے نقاب کر دیا

پاکستانی ماڈل نے اداکارہ کے دوست عمر مختار پر سنگین الزامات عائد کر دیے

